نوٹس نیلامی برائے کار پارکنگ بلمقابل حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، حیات آباد

پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کار پارکنگ بلمقابل حیات آباد میڈیکل کمپلیکس، حیات آباد عرصہ ایک سال (صرف) کیلئے مستند پارٹیوں سے بذریعہ ٹھیکہ بولی بمطابق پروگرام ذیل نیلام کرنا چاہتی ہے بولی میں حصہ لینے کیلئے شرائط نیلام درج ذیل ہیں:۔

1. نیلامی مورخہ 06 مارچ 2018ء بروز منگل دن 11:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے بولی مقررہ تاریخ پر نہ ہوئی تو دوبارہ بولی مورخہ 07 مارچ 2018ء بروز بدھ کو بوقت دن 11:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔
2. ہر وہ شخص رفرم نیلامی میں حصہ لینے کا حقدار ہوگا جس نے مبلغ (20,00,000) بیس لاکھ روپے زرضمانت بصورت بنک ڈرافٹ رپے آرڈر بنام ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے جمع کرائے ہوں بصورت دیگر نیلامی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔
3. ناکام بولی دھندگان کو زربیعانہ رضمانت نیلام کے بعد واپس کردی جائے گی جبکہ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دھندہ گان کا زرضمانت بولی کی حتمی منظوری تک روک لیا جائے گا۔ منظور شدہ بولی سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زربیعانہ بحق پی ڈی اے ضبط تصور ہوگا۔ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دھندہ کی پیشکش منظوری کیلئے بھیج دی جائیگی۔
4. کامیاب بولی دھندہ ورک آرڈر کے اجراء سے 15 دن کے اندر اندر اپنی بولی کی تمام رقم (یکمشت) بمعہ (مروجہ یا نافذ العمل with holding tax) اور حکومت (صوبائی یا وفاقی) کی جانب سے نافذ کردہ ٹیکس لاگو ہوں تو وہ بھی پی ڈی اے کے پاس جمع کرانے کا بھی پابند ہوگا اور مطلوبہ مالیت کے سٹامپ پیپر پر معاہدہ (Lease Agreemet) کرنے کا پابند ہوگا۔ جسکے بعد قبضہ دیا جائیگا اور فیس وصولی کا مجاز ہوگا اور اگر کامیاب بولی دہندہ یہ رقم 15 دن میں جمع نہ کرا سکا تو بولی منسوخ اور کال ڈیپازٹ بحق پی ڈی اے ضبط تصور ہوگا۔
5. کامیاب بولی دہندہ پارکنگ فیس وصولی کیلئے Ticket Vending Machine کے ذریعہ ٹیکٹ جاری کرنے کا پابند ہوگا اور درجہ ذیل شرح کے مطابق فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

   ا۔ موٹر کار، پک اپ وغیرہ۔ ------/30 روپے

   ۲۔ سکوٹر، موٹر سائیکل ----------/10 روپے

   ۳۔ سائیکل ----------/5 روپے
6. ہڑتال یا موسمی تغیر و تبدل یا کسی اور وجہ سے تعطل کی ذمہ داری پی ڈی اے پر نہ ہوگی۔
7. کامیاب بولی دھندہ ٹھیکہ کسی اور نام پر منتقل کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر کے محکمہ واپس لینے کا اختیار مند ہوگا۔
8. سروس کارڈ دکھانے پر پی ڈی اے کے ملازمین سے فیس نہیں لی جائے گی۔
9. ٹھیکہ کی معیاد ایک سال ہوگی۔ جو کہ کسی قسم کے موسمی تغیر و تبدل یا کسی بھی دوسری وجہ سے قابل توسیع نہیں ہوگی۔
10. کامیاب بولی دھندہ مجوزہ فیس کی وصولی اور دیکھ بھال کے لیے عملہ خود مہیا کریگا اور اُنکی تنخواہ اور دیگر ضروریات بہم پہنچائے گا۔
11. حکومت کا بقایادار بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔
12. ٹھیکیدار کو مقررہ فیس شیڈول بورڈ سائیٹ پر لگانا ہوگا۔
13. کامیاب بولی دھندہ پارکنگ میں گاڑیوں کی دیکھ بال کا ذمہ دار ہوگا۔ اور کسی بھی گاڑی کی چوری کی صورت میں خرچہ رتاوان کا ذمہ دار ہوگا۔ کامیاب بولی دھندہ ٹکٹ کے پشت پر یہ شرط ثبت کرنے کا پابند ہوگا۔ مقررہ پارکنگ کے علاوہ گاڑی پارک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
14. نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کو حاصل ہوگا۔ نیز مجاز اتھارٹی کو یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نامنظور یا جملہ نیلامی منسوخ کردیں
15. مندرجہ بالا زشرائط کی مکمل یا جزوی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانے کے علاوہ ٹھیکہ منسوخی اور جمع شدہ رقم کلی یا جزوی طور پر ضبط کرنے کا اختیار ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کو حاصل ہوگا۔
16. اور چار جنگ کی صورت میں پہلی شکایت پر -/50,000 (پچاس ہزار) روپے جرمانہ اور دوسری شکایت کی صورت میں ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے گا۔
17. کسی بھی مندرجہ بالا شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ (Cancell) کیا جائے گا اور پی ڈی اے مجاز ہوگا کہ KPK Public Property (Removal of Enchrochment) Act 1977 کے تحت قبضہ واپس لینے کا اختیار مند ہوگا۔
18. مندرجہ بالا شرائط میں سے کسی بھی شرط کو Relax کرنے کا اختیار ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کو ہوگا۔

ہاؤسنگ آفیسر (حیات آباد)